© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**منشور قرآن** (Quranic Prism) عبدالحکیم ملک۔ ناشر: اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن پاکستان‘ ۹ رحیم آباد‘ پنج ندروڈ‘ مظفرگڑھ ۳۴۲۰۰۔ صفحات: ۱۲۷۴۔ ہدیہ: درج نہیں۔

قرآن حکیم سے حسب ضرورت استفادے کو آسان بنانے کے لیے‘ کئی طرح کے اشاریے تیار کیے گئے ہیں جنھیں تبویب قرآن بھی کہا جاتا ہے۔ یعنی آیات قرآنی کو مختلف عنوانات کے تحت اکٹھا کر کے ترتیب دینا یا ابواب بندی کرنا‘ جیسے سود کے بارے میں آٹھ آیات چار مختلف مقامات پر آئی ہیں‘ اس اشاریے میں انھیں ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔ مرتب کا مقصد یہ ہے کہ اشاریے کی مدد سے ایک عام قاری اپنی زندگی میں پیش آنے والے مسائل پر حسب ضرورت خود حکم رب تعالیٰ کو ایک نظر دیکھ سکے کہ کس عمل کی اللہ نے اجازت دی ہے یا منع فرمایا ہے؟ اگر کسی عمل کا حکم دیا ہے تو اس کی جزا کیا ہے؟ اگر کسی عمل سے روکا ہے تو کس انداز سے؟ یہ بھی معلوم کر سکے کہ ایک ہی عمل کے بارے میں قرآن حکیم میں کتنی مرتبہ ارشاد ربانی نازل ہوا ہے تاکہ اس کی اہمیت کا احساس اجاگر ہو سکے (ص ۱۹)۔

یہ‘ مضامین قرآن کا سہ لسانی اشاریہ ہے۔ ہر صفحے کے تین کالم ہیں۔ درمیانی کالم میں اصل آیات مع حوالہ و عنوان‘ دائیں کالم میں اردو ترجمہ اور بائیں کالم میں انگریزی ترجمہ درج ہے۔ عنوانات بھی تینوں زبانوں میں ہیں۔ ابتدا میں تقریباً ۵۰ صفحے پر مشتمل نہایت تفصیلی اشاریہ مضامین و عنوانات دیا گیا ہے۔ آخر میں یہی اشاریہ عربی اور انگریزی زبان میں بھی شامل ہے۔ ایک اشاریہ قرآنی آیات اور سورتوں کا بھی دیا گیا ہے۔ مرتب کہتے ہیں: ”نہایت عجز و انکسار سے عرض ہے کہ تبویب قرآن کی یہ کتاب اس لحاظ سے اپنی نوعیت کی منفرد کوشش ثابت ہو گی کہ پہلی مرتبہ مکمل قرآن کے ۳۰ پاروں پر مشتمل ۱۱۴ سورتوں کی ۶ ہزار ۶ سو ۳۶ آیات ”مصدقہ عربی“ متن کو انگریزی اور اردو ترجمے کے ساتھ بیش بہا جامع ابواب کے تحت ہزاروں ذیلی عنوانات میں تقسیم کر کے پیش کیا جا رہا ہے جس میں ہزاروں (cross references) حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں“۔

مولف نے غایت درجے کی قلبی و جذباتی لگن کے ساتھ سالہا سال کی محنت و کاوش کے بعد یہ اشاریہ تیار کیا ہے۔ ان کا مقصد محض ایک علمی (academic) کتاب تیار کرنے تک محدود نہیں بلکہ وہ دلی خواہش

© rasailojaraid.com